مرکز تحقیقات رایانه‌ای

قائمیه

اصفهان

السلام علیک یا صاحب الزمان

www.Ghaemiyeh.com
www.Ghaemiyeh.org
www.Ghaemiyeh.net
www.Ghaemiyeh.ir


داعش
داعش کی تاریخ اور افکار کا ایک تنقیدی جائزہ
تدوین: مہدی فرمانیان
۱۳

بسم الله الرحمن الرحیم

داعش کی تاریخ اور افکار کا ایک تنقیدی جائزہ

مصنف:

محمد ابراہیم نژاد

پرنٹ کردہ پبلیشر:

دار الاعلام لمدرسه اهل البیت علیهم السلام

ڈیجیٹل پبلشر:

کمپیوٹر ریسرچ انسٹی ٹیوٹ اصفہان نہ اسلامی

براؤز کریں

براؤز کریں ---- ۵

داعش کی تاریخ اور افکار کا ایک تنقیدی جائزہ ---- ۷

کتاب کی وضاحتیں ---- ۷

اشارہ ---- ۷

مقدمہ ---- ۱۱

ابو مصعب زرقاوی کون ہے؟ ---- ۱۶

زرقاوی کی عراق آمد اور عراق پر امریکہ کا حملہ: ---- ۲۰

عراق میں القاعدہ کی تشکیل اور اس کے مظالم: ---- ۲۲

شیعوں کے قتل عام پر القاعدہ قائدین کی زرقاوی پر تنقید: ---- ۲۴

شیعہ قتل عام پر زرقاوی کے اپنے استاد ابو محمد مقدسی سے اختلافات: ---- ۲۷

مجاہدین کونسل کی تشکیل اور زرقاوی کی ہلاکت: ---- ۲۹

زرقاوی کے بعد عراق میں القاعدہ عراق کے توسط سے اسلامی حکومت کی تشکیل: ---- ۳۰

ابو بکر البغدادی کی قیادت ---- ۳۵

ابوبکر البغدادی کی زندگی: ---- ۳۵

شام میں جنگ اور داعش کی بنیاد: ---- ۳۷

داعش کے عراق پر حملوں کے وقت عراق کی سیاسی صورتحال ---- ۴۱

داعش کی نظر میں بغدادی کی خلافت پر دلائل ---- ۴۸

ابوبکر البغدادی کی خلافت پر القاعدہ رہنماؤں کے اعتراض ---- ۴۹

ابوبکر البغدادی کی خلافت پرردّ عمل ---- ۵۱

داعش کے یورپی مددگار ---- ۵۹

مؤسسهالفرقان، داعش میڈیا ---- ۶۱

داعش کے مالی ذرائع ---- ۶۲

داعش کے عقائد و افکار ---- ۶۵

عراق کی اسلامی حکومت کا بیانیہ ---- ۷۱

شیعوں اور ایران کے بارے میں داعش کا موقف -- ۸۰

عیسائیوں کے بارے میں داعش کی نظر -- ۸۵

فلسطین اور غزہ جنگ کے بارے میں داعش کا نظریہ -- ۸۷

حماس کے بارے میں داعش کی نظر -- ۹۰

اخوان المسلمین کے بارے میں داعش کی نظر -- ۹۲

کردوں کے بارے میں داعش کی نظر -- ۹۴

امریکہ کے ساتھ سیکیورٹی معاہدے پر دستخط پر داعش کی نظر -- ۹۶

داعش کے نظریات پر ایک تجزیہ -- ۹۶

کتابیات -- ۱۰۰

کے بارے میں مرکز -- ۱۰۵

داعش کی تاریخ اور افکار کا ایک تنقیدی جائزہ

کتاب کی وضاحتیں

کتاب کا عنوان اور مصنف: داعش کی تاریخ اور افکار کا ایک تنقیدی جائزہ (بررسی انتقادی از تاریخ و اندیشه داعش)/تالیف: محمد ابراہیم نژاد / ترجمہ: سید عقیل افضل رضوی

مشخصات نشر: بی جا

مشخصات ظاهری: ۹۸ ص

نظر ثانی : ریسرچ اسکالر ناظم حسین اکبر

موضوع:داعش

موضوع:تروریسم -- خاورمیانه

تعداد:۵۰۰۰

ایڈیشن : پہلا ،۲۰۱۶ء

ص:۱

اشاره

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

کتاب:داعش کی تاریخ اور افکار کا ایک تنقیدی جائزہ

تالیف: محمد ابراہیم نژاد

ترجمہ: سید عقیل افضل رضوی

نظر ثانی : ریسرچ اسکالر ناظم حسین اکبر

صفحات : ۹۸

تعداد:۵۰۰۰

ایڈیشن : پہلا ،۲۰۱۶ء

ص: ۲

فہرست

مقدّمہ ۵

ابو مصعب زرقاوی کون ہے؟ ۱۰

زرقاوی کی عراق آمد اور عراق پر امریکہ کا حملہ ۱۴

عراق میں القاعدہ کی تشکیل اور اس کے مظالم ۱۶

شیعوں کے قتل عام پر القاعدہ قائدین کی زرقاوی پر تنقید ۱۸

شیعہ قتل عام پر زرقاوی کے اپنے استاد ابو محمد مقدسی سے اختلافات ۲۱

مجاہدین کونسل کی تشکیل اور زرقاوی کی ہلاکت ۲۳

زرقاوی کے بعد عراق میں القاعدہ عراق کے توسط سے اسلامی حکومت کی تشکیل ۲۴

ابو بکر البغدادی کی قیادت ۲۹

ابوبکر البغدادی کی زندگی ۲۹

شام میں جنگ اور داعش کی بنیاد ۳۱

داعش کے عراق پر حملوں کے وقت عراق کی سیاسی صورتحال ۳۵

داعش کی نظر میں بغدادی کی خلافت پر دلائل ۴۱

ابوبکر البغدادی کی خلافت پر القاعدہ رہنماؤں کے اعتراض ۴۲

ابوبکر البغدادی کی خلافت پرردِّ عمل ۴۵

داعش کے یورپی مددگار ۵۳

مؤسسهالفرقان، داعش میڈیا ۵۵

داعش کے مالی ذرائع ۵۶

داعش کے عقائد و افکار ۵۹

عراق کی اسلامی حکومت کا بیانیہ ۶۵

شیعوں اور ایران کے بارے میں داعش کا موقف ۷۴

عیسائیوں کے بارے میں داعش کی نظر ۷۹

فلسطین اور غزہ جنگ کے بارے میں داعش کا نظریہ ۸۱

حماس کے بارے میں داعش کی نظر ۸۴

اخوان المسلمین کے بارے میں داعش کی نظر ۸۶

کردوں کے بارے میں داعش کی نظر ۸۸

امریکہ کے ساتھ سیکیورٹی معاہدہ پر دستخط پر داعش کی نظر ۹۰

داعش کے نظریات پر ایک تجزیہ ۹۰

کتابیات ۹۶

ص: ۴

مقدمہ

۲۰۰۳ ءمیں دہشتگردی کے خلاف جنگ کے بہانے امریکہ کے عراق پر حملے کے ساتھ ہی عراق میں القاعدہ نے ابومصعب زرقاوی کی قیادت میں اپنی کاروائیاں شروع کر دیں اور بہت سے مقامات پر خودکش حملے کئے گئے، پبلک مقامات پر بمب

دھماکے، اسلام کے نام پر قتل و تشدد اور امریکہ کے خلاف جنگ، القاعدہ گروہ کے عراق میں اہم کارنامے تھے۔ ابو مصعب الزرقاوی ۲۰۰۳ءسے ۲۰۰۶ ءتک عراق میں القاعدہ کا سربراہ تھا وہ شیعوں کو اپنا عدو قریب (نزدیکی دشمن)گردانتا تھا اور عراق کی شیعہ حکومت کے خلاف جنگ کو اپنا اصل ہدف قرار دیتا تھا۔ زرقاوی ۲۰۰۸ءمیں عراق میں القاعدہ کے ٹھکانوں پر بمباری میں مارا گیا۔ اس کی ہلاکت کے چند ماہ بعدالقاعدہ الدولہ الاسلامیہ (اسلامی حکومت)میں تبدیل ہو گئی اور ابو عمر بغدادی نے اس گروہ کی قیادت سنبھال لی؛ لیکن ملک کے آئین کی تشکیل، سیاسی صورتحال میں بہتری اور زرقاوی جیسے کرشماتی رہنما کی کمی کی وجہ سے عراق میں القاعدہ کی کاروائیوں کا رنگ پھیکا پڑ گیا۔ لیکن ۲۰۱۰ءمیں ابو عمر کی ہلاکت اور ابوبکر البغدادی کے منظر عام پر آنے اور شام کی داخلی جنگ کی وجہ سے اس گروہ کی دہشتگردانہ کاروائیوں میں اضافہ ہوتا چلا گیا۔

شام میں القاعدہ کے لیے ایمن الظواہری کے فتوے اور بعض مغربی اور علاقے کے ممالک کے پروپیگنڈے اس بات کا باعث بنے کہ عراقی القاعدہ نے شام کا رخ کیا اور شام کے مشرقی اور شمالی حصّوں پر، جن میں رقّہ شہر بھی شامل

ہے، پر قبضہ کر لیا اور ان علاقوں میں بشار الاسد کی قانونی حکومت کی رٹ کو کمزور کر دیا۔ ابھی زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا کہ شام میں القاعدہ کے مختلف گروہوں میں اختلافات

پیدا ہوگئے اور ابوبکر البغدادی کی سربراہی میں عراق کی القاعدہ کی جبہۃ النصرہ کے ساتھ جنگ شروع ہو گئی اور اس لڑائی میں دونوں اطراف کے بہت سے افراد ایک دوسرے کے ہاتھوں مارے گئے۔عراقی القاعدہ اور شام کی القاعدہ (جبہۃ النصرہ) کے اختلافات بڑھتے گئے اور بالآخر القاعدہ کے عالمی لیڈر ایمن الظواہری کو ثالث بننا پڑا۔ ایمن الظواہری نے شامی القاعدہ(جبہۃ النصرہ) کے حق میں فیصلہ سنایا اور ابوبکر البغدادی کو حکم دیا کہ وہ واپس عراق پلٹ جائے بصورت دیگر اس کو شام میں جبہۃ النصرہ کے احکامات پر عمل کرنا ہوگا۔

ظواہری کی رائے داعش کے رہنما کو بالکل بھی نہ بھائی اور اس نے الظواہری کی بیعت توڑتے ہوئے کہا کہ وہ اسامہ کے علاوہ کسی کو لیڈر نہیں مانتا۔ یوں وہ القاعدہ کے علمی نیٹ ورک سے الگ ہوگیا اور داعش (الدولۃ الاسلامیہ فی العراق و الشام)تشکیل دی تاکہ دوسروں کو یہ بتا سکے کہ شام پر داعش کا قبضہ ہے اور اب وہ ایمن الظواہری کی بیعت میں نہیں ہے۔

عملی طور پر القاعدہ کی بیت سے خارج ہوتے ہی ابوبکر البغدادی نے چھوٹی سی حکومت سے ایک بڑی چھلانگ لگائی اور اسلامی خلافت کا دعویٰ کر دیا اور خود کو خلیفۃ المسلمین کا نام دیا۔ داعش کے پروپیگنڈے میں اس کو «ابوبکر الحسینی القریشی البغدادی» کے نام سے پکارا جاتا ہے تا کہ اس سے «خُلَفَاءُ اُمَّتِی

ص:۶

اِثنَاعَشَرَ، کُلّهُم مِن قُرَیش» کی معروف حدیث یاد رہے، لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آیا

ابوبکر البغدادی خود کو بارہواں خلیفہ یعنی امام مہدی تصور کرتا ہے؟ اسکے لیے آئندہ پیش آنے والے واقعات کا انتظار کیا جانا چاہئے۔

داعش کو جاننے اور پہچاننے کے لیے پہلے القاعدہ کو جاننا ہوگا اور القاعدہ کو جاننا جہادی سلفیت کو جانے بغیر ممکن نہیں۔ جہادی سلفیت بیسویں صدی کی ساتویں دہائی میں مصر میں ظہور پذیر ہوئی اور جاہلیت اور جہاد کی مخصوص تشریح و تفسیر سے اس سے بہت سے تکفیری گروہوں نے جنم لیا۔

داعش کے فکری قائدین میں ابن تیمیہ، محمد بن عبدالوہاب، سید قطب، سید امام (عبدالقادر عبدالعزیز)، عبداللہ عَزّام، اسامہ بن لادن ،ابومصعب الزرقاوی اور داعش کے موجودہ مفتی ابو ہمام اثری اور ابو منذر شنقیطی کا نام لیا جاسکتا ہے۔

ابو مصعب شامی کے قول کے مطابق جہادی سلفیت کی بنیاد ان عناصر سے تشکیل پائی ہے: اخوان المسلمین کے افکار میں سے بعض اصول+ سید قطب کا تحریکی اسلوب+ ابن تیمیہ اور مکتب سلفیت کی سیاسی فقہ+وہابیت کا فقہی اور عقیدتی ورثہ ہے(۱)۔

داعش کے عقائد کی رسمی کتاب اور داعش کی جانب سے چھپنے والی دوسری کتابوں جیسے الدولہ النبویہ، اعلام الانام بمیلاد دوله الاسلام، عقیدتنا و منهجنا اور

۱– سوری، ابومصعب، دعوه المقاومه الاسلامیه العالمیه،ص۶۹۴

قبروں کو مسمار، زیارت عاشورا، لاالہ الااللہ کے معنی، جمہوریت کے موضوعات پر مختلف کتابچوں

اور زرقاوی، ابوعمرالبغدادی، ابوبکرالبغدادی و ابومحمدعدنانی(۱) سبھی داعش قائدین کی تقاریر سے ابو مصعب سوری کی بات ثابت ہوجاتی ہے۔(۲)۔

داعش کے تحت تسلط شام اور عراق کے تمام علاقوں میں ابن تیمیہ کی یہ عبارت نظر آتی ہے کہ «قوام الدّین بکتاب یھدی و بسیف ینصر» یعنی دین کی پائداری قرآن جیسی رہنما کتاب اور اس تلوار سے ہے جو دین کی نصرت کرتی ہے۔ اپنے سلفی افکار کو دکھانے اور بتانے کے لیے داعش محمد بن عبد الوہاب کی نواقض الاسلامکو مقبوضہ علاقوں کے در و دیوار پر نصب اور اولیائے کرام کی قبروں کو مسمار کرکے سید قطب کی پیروی کرتے ہوئے مسلح جہاد (بسیف ینصر)کو اپنی بنیادی اصل قرار دیتی ہے۔ جبکہ زرقاوی جس نے

ص:۸

۱- یہ تمام کتابیں اور کتابچے داعش کی حامی ویب سائٹوں پر دستیاب ہیں، نمونے کے طور پر شموخ الاسلام کی ویب سائٹ کا حوالہ دیا جاسکتا ہے جس نے ایمن الظواہری کی بیعت توڑتے ہوئے داعش کی بیعت کی اور داعش سے جڑے تمام مطالب کو شائع کر رہا ہے۔

۲- اس حوالے سے اعتصام انسٹیٹیوٹ کی جانب سے صلیل الصوارم کے نام سے ایک کلیپ بھی موجود ہے جس میں دیکھا جا سکتا ہے کہ داعش بچوں اور نوجوانوں کو قرآن کی کلاس میں نواقض الاسلام کی تدریس کر رہی ہے۔ اس طرح داعش کے زیر کنٹرول شہروں سے نشر ہونے والی کلپس میں یہ دکھایا گیا ہے کہ ان شاہراہوں پر محمد بن عبدالوہاب کی نواقض الاسلام نصب کی گئی ہے۔

شیعوں کو اپنا اصلی دشمن قرار دیا،

داعش نے اس کے بیانات کو اپنے برتاؤ کا نصب العین قرار دیا ہے۔

آنے والی بحثیں، عراقی القاعدہ یا نام نہاد الدولۃ الاسلامیہ فی العراق و الشام (داعش) کی تاریخ اور عقائد پر ایک مختصر رسالہ ہے۔ لہذا سب سے پہلے ہم ابو مصعب الزرقاوی، عراق میں القاعدہ کی تشکیل میں اس کے کردار اور داعش کے افکار و نظریات پر اس کے اثرات اور آگے چل کر داعش کے اہم ترین افکار کا تجزیہ کریں گے تاکہ اس تکفیری گروہ کو بہتر طور پر جان سکیں۔

ص:۹

ابو مصعب زرقاوی کون ہے؟

عراق میں القاعدہ کی پیدائش کو ہم اس کے بانی ابو مصعب زرقاوی کی انتہا پسندی میں ڈھونڈ سکتے ہیں۔

زرقاوی ۱۹۶۶ءکو اردن کے شہر زرقاء میں پیدا ہوا۔ سترہ سال کی عمر میں ہائی اسکول سے نکالا گیا جس کے بعد اس کی زندگی تشدد، نشہ اور شراب میں گزری۔(۱)۔

۱۹۸۷ء میں منشیات برآمد ہونے اور ایک آدمی کو چاقو سے زخمی کر دینے کی وجہ سے اس پر جرمانہ ہوا۔(۲)۔ اس واقعہ کے بعد زرقاوی کی سلفیوں سے آشنائی ہوئی اور ۱۹۸۹ء کو یہ افغانستان چلا گیا۔(۳)۔ جس وقت یہ افغانستان پہنچا اس وقت سوویت فوجوں کے انخلاء کا عمل شروع ہو چکا تھا اور زرقاوی کو بہت تھوڑی سی مدت کے لیے سوویت یونین کے خلاف جنگ لڑنے کا موقع ملا، لیکن زرقاوی کا افغانستان میں زیادہ تر وقت انتہا پسند میگزینوں میں سے ایک کے لیے رپورٹنگ میں گزرا۔ افغانستان میں اپنے قیام کے دوران ہی زرقاوی جیسا جوان اور جلد اثر قبول کرلینے والا انسان پہلی مرتبہ القاعدہ کے قائدین سے

ص:۱۰

۱- Kirdar M.J. al-Qaida in Iraq. Center for strategic international studies. ۲۰۱۱:۱-۱۵

۲- پریزار، جان شارل، الزرقاوی الوجه الاخر للقاعده، ص۳۷.

۳- ایضاً، ص۳۹.

آشنا ہؤاہ(۱)ہ پشاور میں اس کی جہادی سلفیوں جن میں ابو محمد مقدسی(۲)ہ بھی شامل تھا، سے جان پہچان ہوئی اور یوں اس نے اپنی انتہا پسندی کو اور گہرا اور افغانستان میں موجود جہادیوں سے تعلقات کو مزید بڑھایا۔

زرقاوی ۱۹۹۳ءکو اردن واپس چلا گیا جہاں اس نے اپنے استاد اور مرشد ابو محمد مقدسی سے دوبارہ ملاقات کی۔ اردن واپسی سے پہلے انہوں نے ہاشمی سلطنت کے خلاف اور اردن حکومت پر اعتراض کے لیے التوحید جماعت کی جو اردن کی خفیہ ایجنسی کے نزدیک «بیعت امام» کے نام سے معروف تھی، بنیاد رکھتے ہوئے جنگ کا آغاز کیا۔۔ البتّہ الجزیرہ کو انٹرویو دیتے ہوئے، مقدسی نے ایسے گروہ کی تشکیل میں اپنے کردار کا انکار کیا اور اس کام کو ایک ذاتی فعل قرار دیا۔(۳)۔

۱۹۹۳ ءمیں ایک مقامی سینما گھر کے سامنے بمب دھماکے میں ناکامی پر اردن کی خفیہ ایجنسی نے مقدسی سمیت گرفتار کر لیا اور ۱۵ سال کے لیے جیل چلا گیا۔ جیل میں رہتے ہوئے ابو محمد مقدسی نے معنوی جبکہ زرقاوی نے

ص:۱۱

۱- ہ ۲۰۱۱:۱-۱۵ .Kirdar M.J. al-Qaida in Iraq. Center for strategic international studies.

۲- ہابومحمد مقدسی اردنی جہادی سلفیوں کا ایک لیڈر ہے جو اس وقت اردن میں ساکن ہے۔

۳- ہ http://www.aljazeera.net/ programs/today-interview/۲۰۰۵/۷/۱۰/أبو- محمد - المقدسی - السلفیه - الجهادیه

انتظامی لیڈر کے حوالے سے جیل سے باہر اپنے گروہ کی توسیع کی۔اس دوران زرقاوی پر سلفی افکار انتہائی شدّت کے ساتھ غالب ہوئے جس سے زرقاوی پر سلفی افکار کا بہت شدّت سے اثر ہؤا اور اپنے معنوی باپ یعنی مقدسی کے افکار سے متاثر ہوکر اس میں بھی تکفیری سوچ پیدا ہوگئی۔ حتّیٰ اپنے جیل کے آخری ایام میں وہ یوں سوچتا تھا کہ عالم دو حصّوں میں تقسیم ہوتا ہے؛ ایک

ان سنّی مؤمن مسلمانوں کا عالم جو سلفیّت کی طرف مائل ہیں اور ان کے مقابلے میں کفّار کا عالم جس میں ہر گروہ شامل ہے جو فکری لحاظ سے اس سے مختلف ہو اور اس میں عیسائی، یہودی، بدھ اور تمام اسلامی فرقے شامل ہیں۔(۱)۔ ایک اردنی رپورٹر،«الزرقاوی الجیل الثانی للقاعده» کتاب کا مصنّف اور زرقاوی کے ساتھ جیل میں سزا میں شریک فواد حسین کے بقول زرقاوی کی شخصیت چار حصّوں سے تشکیل پائی ہے۔ بدویتی کہ جس میں وہ بڑا ہؤا، اس کی والدہ کا اس پر اثر، جیل اور اس کا معنوی باپ یعنی مقدسی۔(۲)۔

۱۹۹۹ء کے اوائل میں عام معافی کے تحت جیل سے رہا ہؤا(۳)۔ اور دوسری مرتبہ افغانستان گیا جہاں اسامہ بن لادن کے نائبین میں سے ایک، سیف

۱- ہپریزار، جان شارل، ص۷۲-۸۱.

۲- ہحسین، فواد، ص۳.

۳- Leiken R. S, Brooke S. Who Is Abu Zarqawi?; What we know about the terrorist leader who murdered Nicholas Berg, The Weekly Standard, ۲۰۰۴

العدل کے توسط سے اسامہ کے ساتھ ذاتی طور پر ملاقات کرنے میں کامیاب ہوا۔[1] اسامہ بن لادن اردن کی خفیہ ایجنسی کے ان سلفی قیدیوں میں نفوذ سے پریشان تھا جن کو اردن حکومت نے آزاد کیا تھا۔ چونکہ زرقاوی کے

جسم پر ٹیٹو کے نشانات بنے ہوئے تھے، اس وجہ سے اسامہ کو اس پر بڑی شک تھا؛ لیکن اس وقت کے القاعدہ کے سیکیورٹی چیف، سیف العدل نے زرقاوی کی حمایت کی تھی، لہذا اسامہ نے بھی اس کی حمایت کی۔[2] سیف العدل نے اسامہ بن لادن کو اس بات پر راضی کر لیا کہ وہ زرقاوی کو ۵۰۰۰ ڈالر دے اور اسامہ کے قندھار میں موجود آپریشنل کیمپ سے الگ، ہرات میں ٹریننگ کیمپ بنائے۔[3]

۲۰۰۰ءمیں زرقاوی نے یورپی اور مشرقی بحیرہ روم کے علاقوں میں اپنے تعلقات کو بڑھانا شروع کر دیا[4]۔ تاکہ وہ القاعدہ سے زیادہ سے زیادہ آزاد ہو کر

ص:۱۳

۱- Cordesman A.H, Burke A.A. The Islamists and the“Zarqawi Factor”. center for sterategic international studies. ۲۰۰۶:۱-۲۶

۲- Gambill. Abu Musab al-Zarqawi and Weaver The Short, Violent Life of Abu Musab al-Zarqawi.

۳- ایضاً

۴- پریزار، جان شارل، ص ۱۰۶.

کام کر سکے۔ اس سلسلہ میں زرقاوی یورپ میں مقیم اردن، فلسطین اور شام کی اسلامی جماعتوں کے تارکین وطن کو بھرتی کرنے میں کامیاب ہو گیا۔(۱)۔

زرقاوی کی عراق آمد اور عراق پر امریکہ کا حملہ:

افغانستان پر امریکہ کے حملہ کے بعد، زرقاوی انصار الاسلام کے ایک کمانڈر کی مدد سے عراقی کردستان فرار کر گیا اور ملاکریکار کی قیادت میں

سرگرم سلفی گروہ «انصارالاسلام» کے ساتھ ملحق ہو گیا۔ ملاکریکار نے بعض خلیجی ممالک کی جانب سے ملنے والی بڑی مالی امداد سے زرقاوی کی بھرپور حمایت کی۔(۲)۔

۲۰۰۲ء میں ملاکریکار نے جہادی گروہوں کی کاروائیوں کی مخالفت کی جس کی پاداش میں اسے «انصارالاسلام» کی قیادت سے ہٹا دیا گیا(۳)۔ جس کے بعد زرقاوی کی اہمیت کے پیش نظر اس کو گروہ کا نیا قائد بنا دیا گیا(۴)۔ ۲۰۰۳ءمیں امریکہ نے جوہری ہتھیاروں اور صدام کے زرقاوی کے تعلقات کے بہانے

ص:۱۴

۱- Gambill. Abu Musab al-Zarqawi and Weaver The Short, Violent Life of Abu Musab al-Zarqawi.

۲- ،حسین، فواد، ص۱۰.

۳- ،پریزار، جان شارل، ص۱۵۸الی ۱۶۰.

۴- ،ایضاً، ص۱۶۴.

عراق پر حملہ کر دیا۔ اس وقت کے امریکی وزیر خارجہ نے زرقاوی کو القاعدہ اور عراقی حکومت کے درمیان رابطہ کار کے طور پر متعارف کرایا(۱)۔

عراق میں تکفیری گروہوں کے بارے میں ایک بین الاقوامی ادارے کے تجزیے کے مطابق ۲۰۰۳ ءسے ۲۰۰۶ ء تک عراق میں ایک سو سے زائد جہادی گروہ فعال تھے(۲)۔ اس رپورٹ کے مطابق ان میں ۵۹ القاعدہ کے جبکہ ۳۶ انصار السنہ کے رکن تھے(۳)۔

زرقاوی کی سب سے ابتدائی کاروائیوں میں امیر المؤمنین حضرت علیؑ کے روضہ مبارک کے نزدیک بم دھماکہ تھا جس میں عراقی سپریم کونسل کے چیئرمین، سید محمد باقر حکیم سمیت بہت سے شیعہ شہید ہوئے۔ زرقاوی کی کوشش تھی کہ شیعوں کے خلاف بھی دہشتگرد حملہ کر کے شیعہ سنّی تفرقہ پیدا کر سکے۔

اس گروہ کی کاروائیوں کے حوالے سے بروس ہیفمن کہتا ہے:«ان گروہوں میں کسی بھی قسم کی مرکزیت، قیادت اور کوئی تنظیمی عہدہ نہیں اور

۱- ہپریزار، جان شارل، ص۱۳۵.

۲- Search For International Terrorist Entities:بین الاقوامی دہشتگردوں کے موضوع پر تحقیق کرنےوالے ایک ادارے کا نام

۳ - Cordesman A.H, Burke A.A. Zarqawi’s Death:Temporary “Victory”or Lasting Impact. Center for Strategic and International Studies. ۲۰۰۶:۱-۱۲.

یہ کسی آرگنائزیشن سے زیادہ بکھرے ستاروں کی مانند ہیں». اسی طرح اس وقت کے عراقی وزیر داخلہ، عبدل الکریم العنیزی کا ان گروہوں کے بارے میں کہنا ہے:«معمولاً قائدین کو جزئی امور سے کوئی دلچسپی نہیں... یہ گروہ ایک دوسرے سے مربوط نہیں اور ان میں کوئی خاص نظم بھی نہیں پایا جاتا»(۱)۔

عراق میں القاعدہ کی تشکیل اور اس کے مظالم:

۲۰۰۴ء میں بعض جہادی گروہوں کے زرقاوی کے ساتھ ملحق ہونے اور اس کی اسامہ کے ہاتھ پر بیعت کے بعد القاعدہ کی عراق میں«القاعده فی بلاد الرافدین»

کے نام سے شاخ کو رسمی طور پر تشکیل دیا گیا۔ اسی سال اکتوبر میں اس بیعت کا اعلان کر دیا(۲)۔ اور اسامہ بن لادن نے الجزیرہ چینل پر چلنے والے ویڈیو پیغام میں زرقاوی کو عراق میں اپنا باقاعدہ نمائندہ بنانے کا اعلان کیا۔ فروری ۲۰۰۴ ء میں زرقاوی نے رسمی طور پر ایک بیان جاری کرتے ہوئے

ص:۱۶

۱- ایضاً

۲- زرقاوی، ابومصعب، کلمات مضیئه، شبکه البراق، ج۵، ص۵۸؛ اسی طرح«رساله من جندی لأمیره – إلی الشیخ أسامه بن لادن»، کے عنوان سے اس کی ویڈیو فائل منبر التوحید و الجہاد ویب سائٹ اور یو ٹیوب پر موجود ہے.

شیعوں کے خلاف فرقہ وارانہ جنگ کا اعلان کر دیا۔(۱)۔ ان دنوں زرقاوی نے «هَل اَتَاکَ حَدِیثُ الرَّافِضَہ» لکھ کر عراق کے اہل سنّت کو بر انگیختہ کیا اور شیعوں کی نسبت بہت سے جھوٹ منسوب کئے۔ وہ اس کتاب میں امام خمینیؒ کو امریکہ کے ایک جاسوس کے طور پر متعارف کراتا ہے جن کو امریکہ کی طرف سے اس بات پر مامور کیا گیا تھا کہ وہ اسلام کو ختم کر دیں۔ زرقاوی کو یہ گمان تھا کہ وہ چار صفحوں کی اس کتاب میں ان فضول قسم کی باتوں سے اس مطلب کو ثابت کر رہا ہے۔ اسی طرح اپنے ایک فضول اور گھٹیا تجزیہ میں وہ شیعوں کو امریکہ کا ساتھی قرار دیتا ہے جو اس کے نزدیک شیعوں کی طرف سے بہت بڑی خیانت ہے جس سے وہ عراق کے اہل سنّت اور

اسلام کو مٹانا چاہتے ہیں۔ یہ غلط تجزیہ کوئی نئی بات نہیں، اور بہت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ تاریخ میں بہت سے متعصّب لکھاریوں نے اس قسم کی گھٹیا باتوں کو شیعوں کے ساتھ منسوب کیا اور رافض سے مراد رفض اسلام لیا، افسوس کہ زرقاوی بھی انہیں متعصّب لوگوں کے اثر سے بچ نہ سکا۔

۲۰۰۵ ء میں القاعدہ کے دوسرے بڑے لیڈر، ایمن الظواہری نے زرقاوی کو ایک خط لکھا جس میں عراق میں القاعدہ کا سب سے اہم ہدف امریکی فوجوں کو باہر نکالنا بتایا اور زرقاوی سے کہا کہ وہ ہر اس اقدام سے گریز کرے۔

ص:۱۷

---

۱ - Cordesman A.H, Burke A.A. Zarqawi’s Death:Temporary “Victory”or Lasting Impact. Center for Strategic and International Studies. ۲۰۰۶:۱-۱۲.

جس سے عراقی راضی نہ ہوں۔ اس خط میں ظواہری نے زرقاوی کو خبردار کیا کہ عراق میں شیعوں کے قتل عام کے مناظر سے جہاد کے مشن پر انتہائی غلط اثرات مرتّب ہو سکتے ہیں۔(۱)

یہ زرقاوی ہی تھا جس نے سب سے پہلے غیر ملی یرغمالیوں کے گلے کاٹنے کی فلم کو سائبر اسپیس پر نشر کیا۔ اس ویڈیو میں اس نے امریکہ کے نکولس برگ کا سر کاٹا اور(۲۰ ستمبر ۲۰۰۴ ءمیں) جیک ارمسٹرانگ اور (۲۱ ستمبر ۲۰۰۴ ءمیں) جیک ہنسلے کے قتل کی ذمّہ داری قبول کی۔(۲) آج جو گلے کاٹنے کی ویڈیوز داعش نشر کر رہی ہے وہ زرقاوی سے

متاثر ہو کر ہی کر رہے ہیں۔ زرقاوی کے مؤثر اقدامات میں سے ایک اہم اقدام داعش کا پرچم ہے جو اس نے پہلی بار رسمی طور پر اپنے گروہ التوحید و الجہاد کے لیے قرار دیا۔

شیعوں کے قتل عام پر القاعدہ قائدین کی زرقاوی پر تنقید:

بعض رپورٹس کی بنیاد پر یہ بات سامنے آئی ہے کہ ذاتی اور نظریاتی لحاظ سے زرقاوی اسامہ بن لادن سے بہت مختلف تھا۔ زرقاوی اور اسامہ بن لادن میں سب سے اہم فرق اصلی دشمن (العدّو القریب و العدّو البعید) کے مسئلے میں ہے۔

ص:۱۸

۱- ایضاً

۲ - Cordesman A.H, Burke A.A. Zarqawi's Death:Temporary "Victory"or Lasting Impact. Center for Strategic and International Studies. ۲۰۰۶:۱-۱۲.

تھا۔(۱)۔ القاعدہ کی ترجیح امریکہ کے ساتھ جنگ تھی، جبکہ زرقاوی شیعوں کو اپنا اصلی دشمن سمجھتا تھا۔(۲)۔ اسی طرح زرقاوی کا یہ بھی ماننا تھا کہ اس سے زیادہ القاعدہ اس کی محتاج ہے۔۔ ایسا لگتا ہے کہ عراقی القاعدہ کو القاعدہ کی مالی امداد کی ضرورت نہیں تھی اور زرقاوی کا اسامہ کی مالی مدد سے مستغنی ہونا اس خط سے پتا چلتا ہے جو ۲۰۰۵ ءمیں القاعدہ نے زرقاوی کو لکھا، لیکن عراق کی القاعدہ اس خط کو جعلی قرار دیتی ہے۔۔(۳)۔

اسی طرح ایمن الظواہری زرقاوی کو بغیر وجہ کے قتل کرنے پر یوں لکھتا ہے:

ص:۱۹

۱- حسین، فواد، ص ۱۰.

۲- Cordesman A.H, Burke A.A. The Islamists and the“Zarqawi Factor”. center for sterategic international studies. ۲۰۰۶:۱- ۲۶

۳- امریکہ کی نیشنل سیکیورٹی ایجنسی اور جان نگروپونٹے نے اس خط کو نشر کیا لیکن خط سامنے آنے کے فوراً بعد زرقاوی نے بغیر کسی خوف و جھجک کے اس کا انکار کر دیا۔ ابھی تک القاعدہ کے قائدین نے اس کی تائید نہیں کی جبکہ امریکی عہدیدار خط کے صحیح ہونے کی بات یقین کے ساتھ تائید کرتے ہیں۔ القاعدہ کی دوسری ویب سائٹیں بھی اس خط کے بارے میں شک ظاہر کرتی ہیں۔ خط کے مضمون میں نرم اور دوستانہ لہجے کے ساتھ القاعدہ اور زرقاوی کے درمیان اختلافات کو بیان کیا جانا خط کے صحیح ہونے کے امکان کو اور بھی قوی کر دیتا ہے کیونکہ بعد میں آنے والے خطوط میں یہ مندرجات القاعدہ کے قایدین اور جہادی سلفیوں کے علما کے درمیان واضح شکل میں سامنے آئے.

عام لوگوں میں اچّھی شہرت رکھنے والے بہت سے مسلمان تمہارے شیعوں پر حملوں پر تعجّب کا اظہار کرتے ہیں۔ اہل سنّت بھی واضح انداز میں یہ بات کرتے ہیں کہ بہت جلد تم ان کی مساجد پر بھی حملہ کرو گے۔ میری رائے یہ ہے کہ شیعوں پر حملے مسلمانوں کے لیے قابل قبول نہیں۔ کیا شیعوں کے ساتھ جنگ امریکیوں کا کندھوں سے بوجھ کو کم نہیں کرتی اور مجاہدین کو شیعوں کی طرف دھکیل نہیں رہی؟ کیا عراق میں شیعوں کو قتل کر کے مجاہدین اس اسلامی حکومت تک پہنچ سکتے ہیں جس کی وہ تاریخ میں کوشش کرتے رہے ہیں؟ کیوں ایک عام شیعہ کو قتل کیا جا رہا ہے بجائے اس کے کہ اس کو اس کی جہل کی وجہ سے معاف کر دیا جائے؟ ان کو کیوں قتل کر رہے ہو؟ میں یہ ضرور کہوں گا کہ اس وقت ہم دونوں اور ایرانیوں کو ایک دوسرے کو نقصان پہنچانے سے

گریز کرنا چاہئے۔ ہم کیوں اس بات کی اجازت دیں کہ امریکی ہمیں نشانہ بنائیں؟ مجاہدین کی یہ تحریک عام لوگوں کی حمایت کے بغیر کبھی بھی نتیجہ تک نہیں پہنچ سکتی۔ علاوہ برایں، عوامی حمایت کی حفاظت اور افزائش سے ہی کامیابی اور شکست کا پتا چلے گا۔ اس حمایت کے نہ ہونے سے اسلامی مجاہدین کی تحریک سائے میں چلی جائے گی اور جہادی قیادت اور عہدیداروں کے درمیان لڑائی جیل کے سیاہ کنویں، لوگوں اور روشن دن سے دور محدود ہو کر رہ جائے گا۔(۱)

ص:۲۰

Cordesman A.H, Burke A.A. The Islamists and the“Zarqawi Factor”. center for sterategic international studies. ۲۰۰۶:۱- -۱

ظواہری اس خط میں زرقاوی سے اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ وہ ہر اس اقدام سے پرہیز کرے جسے عراقی نہ سمجھتے یا اس کی تائید نہ کرتے ہوں اور «تحریک مجاہدین کی پلاننگ عام لوگوں کے ساتھ کرنے کے لوگوں سے دور لڑائی میں مصروف رہے»ظواہری نے خبردار کیا کہ عراق میں ہونے والے حالیہ قتل عام کے جہادی تحریک پر بہت وسیع پیمانہ پرمضر اثرات پڑے ہیں وہ واضح طور پر کہتا ہے کہ زرقاوی کو «جنگی اقدامات کے برابر براہ راست سیاسی کاروائی» کی ضرورت ہے اور بتاتا ہے کہ طاقت کے علاوہ«مسلمانوں کو مطمئن اور ان کو اقتدار میں شریک کرنے» کی ضرورت ہے۔

ظواہری زرقاوی کو ایک مرتبہ پھر، اس کو اس کے حد سے زیادہ رویہ پر تشدد اور کاروائیوں پر خبردار کرتا ہے اور کہتا ہے کہ اس کام سے مسلمانوں کی اکثریت کی جان خطرہ میں پڑ جاتی ہے جبکہ القاعدہ کی مکمل کامیابی کے لیے مسلمانوں کی حمایت کلیدی حیثیت رکھتی ہے۔(۱)

شیعہ قتل عام پر زرقاوی کے اپنے استاد ابو محمد مقدسی سے اختلافات:

آج تک جاری باقی رہنے والے انتہائی متنازعہ اختلافات میں سے ایک اختلاف ۲۰۰۵ ء کے وسط میں ابو محمد مقدسی اور زرقاوی کے درمیان ظاہر ہوا۔

۱- ایضاً.

الجزیرہ ٹیلی ویژن نیٹ ورک کو انٹرویو دیتے ہوئے مقدسی نے زرقاوی کو نصیحت کی اور کہا کہ عراق میں ہونے والے بم دھماکوں کی وجہ سے بہت سے عراقی اور شیعہ قتل ہوئے ہیں۔(۱) اس انٹرویو میں مقدسی نے شیعہ اور اہل سنّت عوام کو ہم مرتبہ کہا اور واضح کیا کہ ان کا قتل جائز نہیں ہے۔ اس انٹرویو کے بعد زرقاوی نے مقدسی کو «بَیَانٌ وَتَوضِیحٌ لمَا أَثَارَهُ الشَّیخُ المَقدِسِیّ فِی لِقَائِهِ مَعَ قَنَاهِ الجَزِیرَهِ» کے نام سے ایک خط میں جواب دیا۔ اس بیان میں زرقاوی نے مقدسی کے اس فعل کو اللہ کے دشمنوں کی ایک چال کہا اور مقدسی کو مجاہدین کی صفوں سے خارج ہونے

پر خبردار کیا۔ اس خط میں زرقاوی نے شیعہ اور سنّی عوام کی برابر ی کو اہل سنّت کے حق میں ظلم جانا اور شیعوں کو صحابہ پر سب بالخصوص حضرت ابوبکر، حضرت عمر پر سبّ کرنے کی وجہ سے اسلام سے خارج شمار کیا اور آخر میں مقدسی سے تقاضا کیا کہ وہ «مجاہدین کی مخالفت نہ کرے اور مقدسی کا یہ اقدام جہاد کی صفوں میں کھڑے مجاہدین پر سخت حملہ ہے۔»(۲)

ص:۲۲

۱- ایضاً

۲- زرقاوی، ابومصعب، کلمات مضیئه، شبکه البراق، ج۵، ص۳۲۶

مجاہدین کونسل کی تشکیل اور زرقاوی کی ہلاکت:

زرقاوی نے جنوری ۲۰۰۶ء کو چھ مسلّح گروہوں(۱) پر مبنی ایک کونسل تشکیل دی جس کی صدارت عبد اللہ رشید البغدادی(۲) نے سنبھالی۔ کونسل نے ایک بیانیہ جاری کر کے باقاعدہ اپنی کاروائی کا آغاز کیا۔(۳) اس بیانیے میں مجاہدین کی کونسل کی

تشکیل کی چھ وجوہات ذکر ہوئی ہیں۔(۴) مجاہدین کی اس کونسل کو تشکیل پائے زیادہ دیر نہیں گزری تھی کہ ۷ جون ۲۰۰۶ ء کو بعقوبہ کے نزدیک امریکی فوج کے ایک حملے میں زرقاوی مارا گیا۔(۵)

ص:۲۳

۱– قاعدہ الجہاد فی بلاد الرافدین (القاعدہ عراق)؛ جیشُ الطائفہ المنصورہ؛ سرایا أنْصار التّوحید؛ سرایا الجهاد الإسلاميّ؛ سرایا الغُرباء؛ کتائبُ الأهوال.

۲– بعض ماہرین کا ماننا ہے کہ عبد اللہ رشید البغدادی ابو عمر البغدادی ہی ہے.

۳– اس بیانیے کا مکمل متن منبر التوحید و الجہاد کی ویب سائٹ پر آچکا ہے۔

۴– وہ چھ وجوہات یہ ہیں: ۱. عراقی مجاہدین اور صلیبیوں اور ان کے مرتدّ اتحادیوں کے ساتھ جنگ میں قیادت؛ ۲.مجاہدین کی صفوں میں اتحاد؛ ۳. کفّار کے ساتھ جنگ اور ان کی مکمل نابودی تک لڑائی میں اسلام کا اسلوب؛ ۴. پرچم اسلم کی سر بلندی اور پرچم کفر کی نابودی کے لیے پیغمبر اکرم کی جہاد کے سلسلے میں ہدایات کی پیروی؛ ۵. لوگوں کے ذہنوں میں اٹھنے والے سوالات اور شکوک کے حوالے سے واضح موقف اختیار کرنا؛ ۶. کفار کے مقابل مجاہدین کی یکجہتی اور اتحاد کے لیے تمام مجاہدین کو کونسل میں شرکت کی دعوت.

۵– Cordesman A.H, Burke A.A. The Islamists and the“Zarqawi Factor”. Center for strategic international studies. ۲۰۰۶:۱-۲۶

زرقاوی کے بعد عراق میں القاعدہ عراق کے توسط سے اسلامی حکومت کی تشکیل:

زرقاوی کی ہلاکت کے بعد مجاہدین کونسل نے القاعدہ عراق کی نامور شخصیت، ابو حمزہ المہاجر مصری کو القاعدہ عراق کا نیا قائد منتخب کیا۔ زرقاوی کی موت کے چند ماہ بعد مجاہدین کی شوریٰ نے ایک بیانیہ نشر کیا جس میں اس نے دعویٰ کیا کہ انہوں نے عراقی شہریوں پر حملوں کو محدود کر دیا ہے اور

اسی طرح ان کی طرف سے شیعوں کے لیے خطرات بھی کم ہو گئے ہیں۔ اس بات سے ایسا لگتا ہے کہ زرقاوی کے شیعوں پر حملوں پر اسامہ بن لادن اور ابو محمد مقدسی کے اعتراضات اس بات کا باعث بنے کہ زرقاوی کے جانشین ان حملوں میں کمی لائیں اور القاعدہ کے لیڈران کے احکامات پر پہلے سے زیادہ توجّہ دیں۔

۱۵ اکتوبر ۲۰۰۶ء کو مجاہدین کونسل نے اپنے ترجمان شیخ محارب الجبوری کے توسط سے ایک بیانیہ نشر کیا اور ابو عمر الہاشمی الحسینی البغدادی(۱)۔

کی قیادت میں «دولهالعراق الاسلامیه» کی بعقوبہ شہر میں تشکیل کا اعلان کیا۔(۲)۔

ص:۲۴

۱- «شموخ الإسلام ویب سائٹ جو داعش کے رسمی بیانیے(مؤسسه الفرقان و مؤسسه اعتصام) نشر کرتی ہے، نے ابو عمر البغدادی کی سوانح حیات کو «محطات من جهاد الأمیر البغدادی» کے عنوان سے نشر کیا ہے. اس کا اصلی نام حامد داوود محمد خلیل الزاوی ہے اور یہ صوبہ الانبار کے شہرحدیثه ۱۹۶۴ میں پیدا ہؤا.اس کا شجرہ نسب قریش کے اعرجیہ سادات سے ملتا ہے. ابوعمر البغدادی بغداد کی پولیس اکیڈمی از دانشکدۀ پولیس بغداد سے فارغ التحصیل ہؤا۔ اس کے بعد حدیثہ شہر میں پولیس کی نوکری کرتا رہا، پولیس میں بھی وہ اپنے سلفی رجحانات کی وجہ سے معروف تھا. نوّے کی دہائی میں عراق کی بعثی حکومت کی طرف سے سب سے زیادہ سلفی افکار رکھنے والے افراد کو سختیوں کا سامنا کرنا پڑا، بالآخر ۱۹۹۳ میں اس کو اسی سلفی اور وہابی عقیدے کی وجہ سے پولیس کی نوکری سے نکال دیا گیاجس کے بعد ابو عمر گہریلو بجلی کے آلات کی مرمت کے کام میں مصروف ہوگیا۔ امریکہ کے عراق پر حملے اور صدام حکومت کے سقوط کے بعد اس نے حدیثہ میں امریکیوں کے ساتھ لڑائی کے لیے ایک گروہ تشکیل دیا۔ حدیثہ شہر میں ابو محمد اللبنانی اور شیخ ابو انس الشامی کے ساتھ ملاقات کے بعد بغدادی جماعت التوحید و الجهاد کی بیعت کی اور اس کے تمام افراد اس جماعت میں شامل ہوگئے۔ اس کے بعد زرقاوی نے اس کو دیالی شہر کا والی نامزد کیا اور اس عہدے پر کچھ عرصہ کام کرنے کے بعد اسے والیوں کے تنصیب کی ذمہ داری سونب دی گئی۔ زرقاوی کی موت کے بعد بغدادی کے زرقاوی اور عراق میں موجود دوسرے سلفی اور جہادی قائدین کے ساتھ مضبوط تعلقات کی بنا پر، اسلامی مجلس شوریٰ نے اسے عراق کی اسلامی حکومت کی صدارت پر فائز کر دیا۔

۲- "الاعلان عن قیام دوله العراق الاسلامیه" کے نام سے اس بیانیے کی ویڈیو فائل انٹرنیٹ پر موجود ہے۔ اس کلپ کا لنک سائٹ کی آرکائیو میں موجود ہے:
https://archive.org/details/song-of-terror-main-8

عراق می□ اسلامی حکومت کی تشکیل ک□ ردِّ عمل می□ عراق ک□ مسلمان علماء بور□ ن□ ایک بیانی□ صادر کیا اور اس کو عراق کی تقسیم ک□ مترادف جانا□(۱)□

۱- http://islamtoday.net/bohooth/services/saveart-۱۲-۷۵۶۲۵.htm

عراق کی تمام شیعہ جماعتوں اور بعض اہل سنّت جماعتوں نے بھی اس اقدام کی مخالفت کی،ان مخالف بیانیوں کے جواب میں اس انتہاپسند گروہ نے بھی ایک بیانیہ صادر کیا جس میں آیا ہے کہ ابو عمر البغدادی کا انتخاب شوریٰ کے ذریعے ہؤا ہے اور شوریٰ نے اسکا بطور خلیفہ اعلان کیا ہے۔(۱)۔

علاقے کے دوسرے ممالک کی خاموشی، حکومت مخالف بعثی فورسز کا ان کے ساتھ ملحق ہونا اور ان کے تحت تسلّط علاقوں میں اسلامی حکومت کی تشکیل(۲) کے اعلان کے بعد قبائل کا ان کے ساتھ مل جانا اس بات کا باعث بنا کہ یہ عراق میں کسی حد تک مستحکم ہو گئے اور عسکری لحاظ سے انہوں نے ایک مرتبہ پھر اپنی کھوئی ہوئی طاقت واپس حاصل کر لی۔

اپنے سب سے پہلے جاری ہونے والے باقاعدہ بیان(۳) میں ابو عمر البغدادی نے عراق میں اسلامی حکومت کی تشکیل کی دلیل کچھ اس طرح سے بیان کی:«امریکی افواج کے عراق پر قبضے کے بعد عراق میں قومی اور مذہبی اختلافات زیادہ ہو گئے اور عراق کے شمال میں کرد اور مرکزی عراق میں شیعہ

۱- http://www.muslm.org/vb/showthread.php?۲۰۹۷۳۸-

۲- عراق کی اسلامی حکومت کے ساتھ ملنے والے قبائل یہ ہیں: عشایر الدلیم،جبور،العبید،زوبع،قیس،عزه،طی،الجنابیین،اللحیالیین،المشاهده،الدلیمیه،بنیزید،المجمع،بنیشمر،عنزه، الصمیدع،النعیم،خزرج،بنیلهیب، البوحیات،بنیحمدان،السعدون،الغانم،الساعده،المعاضید،الکرابله،السلمانو الکبیسات

۳- http://www.muslm.org/vb/showthread.php?۲۰۹۷۳۸-

طاقتور ہوگئے ان میں سے ہر ایک کو بیرونی ممالک کی مدد حاصل تھی جبکہ ان کے پاس اپنی مستقل فوج بھی تھی، لیکن اس دوران اہل سنّت مظلوم واقع ہوئے ہیں۔

اس حکومت کو تشکیل دینے کا مقصد اہل سنّت کے حق کو ثابت کرنا ہے۔».

اس انتہا پسند گروہ نے ایک اور بیانیہ صادر کیا اور بعثی فورسز کو دعوت دی کہ وہ بھی ان کے ساتھ آکر مل جائیں۔ لیکن اپنے ساتھ ملنے کی دو شرطیں رکھیں: ایک، قرآن کریم کے تین پارے حفظ ہوں اور دوسرا ان کے عقائد کے حوالے سے ایک امتحان لیا جائے گا جس سے ان کی بعث پارٹی سے مخالفت اور بیزاری ثابت ہو سکے۔اس کے مقابلے میں عراق کی اسلامی حکومت ا نکو اپنی فوج کے مناصب پر فائز کرے گی اور پر کشش ماہانہ تنخواہ بھی ادا کرے گی۔(۱)

اپنے اہداف کو آگے بڑھانے کے لیے اس تکفیری گروہ نے اپنی خبروں کی کوریج کے لیے مؤسسہ‌الفرقان اور مؤسسہ‌الفجر کی داغ بیل ڈالی۔ اس کے بعد یہ دو انسٹیٹیوٹس نےاپنے مخالفین کے دلوں میں دہشت پیدا کرنے کے لیے گروہ کی خوفناک کاروائیوں کی ویڈیوز بنانی شروع کر دیں۔(۲)

اس گروہ کے ترجمان، شیخ محارب الجبوری (۳)نے ۲۰۰۹ء میں ایک بیانیہ پڑھ کر سنایا جس میں یہ آیا تھا کہ اسلامی معاشرے کے لیے امام کی تنصیب لازمی

۱- ہایضاً

۲- ہایضاً

۳- https://nokbah.com/~w۳/?p=۱۲۷۴

ہے اور جیسا کہ ابن تیمیہ منہاج السّنّہ میں کہتا ہے:«ائمۂ اہل سنت کے نزدیک امامت اہل شوکت کی موافقت کے ساتھ قائم اور استوار ہوتی ہے اور اہل شوکت سے مراد اس کے زیادہ تر افراد ہیں۔ لہذا جس وقت [امام] علی [علیہ السلام]کی شان و شوکت کے ساتھ بیعت ہوئی اور آپ امامت پر فائز ہوئے تو اگرچہ اہل شام نے آپ کی بیعت نہیں کی اور آپ کے ساتھ جنگ کی، لیکن آپ تمام علماء کے اجماع کے مطابق امام ہیں اور اسلامی حکومت اس وقت تک برپا نہیں ہو سکتی جب تک اس کے ساتھ شوکت نہ ہو۔ لہذا جس طرح ابن تیمیہ نے کہا ہے کہ اللہ کا دین ہدایت کرنے والی کتاب اور مددگار تلوار کے بغیر برپا نہیں ہو سکتا۔ (قواما لدین بکتاب یهدی و بسیف ینصر) اور بالکل یہی چیز عراق کی اسلامی حکومت میں بھی واقع ہوئی ہے۔»(۱)

۱- https://nokbah.com/~w۳/?p=۵۵۲

ابو بکر البغدادی کی قیادت

۲۰۱۰ء می ابو عمر البغدادی اور عراق کی اسلامی ریاست ک جنگ ک وزیر، ابو حمز م اجر وائی حمل می مار گئ اور یو ابوبکر البغدادی کو نیا سربرا منتخب کیا گیا ۲۰۱۱ ءمی اسام ک

قتل ون پر ابوبکر البغدادی ن ایمن الظوا ری(۱) کی حمایت کرن کا ایک پیغام نشر کیا لیکن اس کی بیعت ن ی کی اور عراق می اپنی مستقل حکومت کا اعلان کر دیا(۲) لیکن ابو قتاد فلسطینی ن ابوبکر البغدادی کی خلافت کی رد می لک ی کتاب ثیاب الخلاف می بغدادی کی ظوا ری ک ا ت پر بیعت کو ب واضح طور پر بیان کیا اور ظوا ری کی بیعت ن کرن ک حوال س بغدادی اور اس ک حواریو ک دعو کو سفید ج و قرار دیا اور سات ی ان کو القاعد ک امیر کی بیعت ن کرن پر گن گار ب ی ک ا (۳)

ابوبکر البغدادی کی زندگی:

إبراهیم بن عواد بن إبراهیم البدری الرضوی الحسینی السامرائی،المعروف ابوبکرالبغدادی، ۱۹۷۱ ءکو عراق ک ش ر سامرا می پیدا ؤا بغدادی خود کو

ص:۲۹

۱- http://arabic.people.com.cn/۳۱۶۶۲/۷۳۷۵۰۴۰.html

۲- http://www.islamist-movements.com/۲۳۱۷

۳- فلسطینی، ابوقتاده، ثیاب الخلافه، نخبه الفکر، ص۳.

حسینی سادات کے قبیلے بوبدری کے ساتھ نسبت دیتا ہے اور اپنا شجرہ نسب جعفر کذاب کے واسطے سے امام ہادی ؑ تک جوڑتا ہے۔(۱)۔

بغدادی ایک سلفی فکر رکھنے والے خاندان میں پیدا ہوا۔ بغداد یونیورسٹی سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی اور کئی سال تک سامرا میں دینی علوم کی تدریس اور تبلیغ میں مشغول رہا۔(۲)۔اس کی تبلیغی فعالیت کا مرکز سامرا کی مسجد احمد بن حنبل رہی۔

۲۰۰۴ء میں بغدادی تکفیری گروہوں کے ساتھ ملحق ہوا اور ۲۰۰۶ ءمیں مجاہدین کونسل کی تشکیل کے ساتھ ہی کونسل کے شرعی بورڈ کا رکن بن گیا۔ابوبکر البغدادی نے دیالی اور سامرا میں اپنے قبیلے کے افراد میں اپنے اثر و رسوخ اور شہرت کی وجہ سے ان کی ابو عمر البغدادی کے ہاتھ پر بیعت میں اہم کردار ادا کیا۔ امریکی فورسز نے ابوبکر بغدادی کو ۲۰۰۵ءمیں گرفتار کیا۔ بغدادی چار سال تک بوکا جیل میں رہا اور ۲۰۰۹ءکو رہا ہوا۔بعض لوگوں کا ماننا ہے کہ ٹھیک اسی دور میں امریکیوں نے اس کے ساتھ تعلقات قائم کیے اور

ص:۳۰

۱– ابی‌همام بکر بن عبدالعزیز الاثری، مدالایادی لبیعه البغدادی، ص۲.

۲–

ttp://۳.bp.blogspot.com/sxhhUXajTe۴/UrR۱bGgoQmI/AAAAAAAACHI/RcN۹IoFKxvE/s۱۶۰۰/BXxvoNlCUAAymZF.jpg+large.jpg

مستقبل کے اپنے ایک مہرے کے طور پر تیار کیا۔ ابوعمر البغدادی کی ۲۰۱۰ء میں ہلاکت کے بعدعراق کی نام نہاد اسلامی حکومت کا صدر منتخب ہؤا(۱)۔

شام میں جنگ اور داعش کی بنیاد:

جیسے ہی شام میں جنگ شروع ہوئی تو القاعدہ کے عالمی قائد ایمن الظواہری نے ایک بیانیہ جاری کرتے ہوئے القاعدہ کو شام میں جہاد کی دعوت دی۔خود کو عراق کی نام نہاد اسلامی حکومت کا لیڈر کہنے والا ابو محمد الجولانی، ابوبکر البغدادی کی طرف سے شام میں بشار اسد کی حکومت کے خلاف جنگ کے لیے جبہۃ النصرہ کی تشکیل پر مامور ہؤا۔ تھوڑی سی مدت گزرنے کے ساتھ ہی خلیجی ممالک،تیونس،لیبیا،مراکش،الجیریا،یورپ اوریمن سے جبہۃ النصرہ کے ساتھ ملحق ہونے کے لیے جہادیوں نے شام کا رخ کیا۔ ان انتہا پسند جہادیوں کی وجہ سے جولانی نے بہت کم مدّت میں شام کے مشرقی اور شمالی علاقوں پر قبضہ کر لیا۔القاعدہ کی طرف سے جبہۃ النصرہ کی اس قدر پذیرائی کی وجہ سے ابوبکر البغدادی کی پریشانی میں اضافہ ہو گیا۔اس نے فوری طور پر جولانی کو ایک آڈیو کیسٹ کے ذریعے حکم دیا کہ وہ جبہۃ النصرہ کو اسلامی حکومت کے تابع فرمان اعلان کرے؛ لیکن جولانی نے کوئی پیغام صادر نہ کیا۔ بغدادی نے جولانی کی سرزنش کرتے ہوئے کہا کہ جتنی جلدی ہو سکے یہ کام کرے؛ لیکن جواب میں

۱- http://arabic.people.com.cn/۳۱۶۶۲/۷۳۷۵۰۴۰.html

جولانی نے بغدادی کو کہا:«یہ اقدام شام میں فسادات اور بغاوت کے لیے بہتر نہیں اور اس حوالے سے مجاہدین کونسل کے تمام افراد کا اتّفاق نظر ہے»۔

جس وقت جولانی نے بغدادی کے ترکی اور شام میں فری فورسز کے خلاف بم دھماکے کرنے سے

انکار کیا تو بغدادی کے ذہن میں جبہہ النصرہ کو عراق کی اسلامی حکومت کے ساتھ ملانے کی سوجھی۔ اس پر اس نے جولانی کو سخت لہجے میں ایک پیغام بھیجا جس میں اسے دو میں سے ایک کو چیز کو انتخاب کرنے کو کہا، ایک عراق کی اسلامی حکومت کو قبول کرے یا جبہہ النصرہ کو تحلیل کرے اور ایک نئی جماعت تشکیل دے۔

جولانی کی طرف سے اس پیغام کو رد کئے جانے کے بعد، بغدادی اپنے ساتھیوں سمیت شام داخل ہؤا اور تین ہفتے بعد ۲۰۱۳ ءمیں ایک بیانیے جاری کرتے ہوئے، جبہہ النصرہ کی تحلیل اور دولت الإسلامیهفی العراق والشام (داعش) کی بنیاد رکھنے کا اعلان کر دیا۔

بغدادی کے اس اقدام کے بعد جبہہ النصرہ تین دھڑوں میں تقسیم ہو گئی: آدھوں نے بغدادی کی بیعت کر لی، ایک چوتھائی جولانی کے ساتھ رہے جبکہ بقیہ اس سارے نظام سے باہر نکل گئے۔داعش کی کونسل کا ایک رکن ابوالأثیرالعبسی، ان افراد میں سے تھا جو سب سے پہلے پانچ سو جنگجوؤں کے ساتھ ابوبکر البغدادی کے ساتھ آکر مل گیا اور حلب کی لڑائیوں میں اہم کردار

ص:۳۲

ادا کیا۔(۱)۔ بغدادی کے اس اقدام کے جواب میں جولانی نے ظواہری اور القاعدہ نیٹ ورک کے ساتھ اپنی بیعت کا باقاعدہ اعلان کیا۔

اس معاملے کے کچھ ماہ گزرنے کے بعد، ظواہری نے ایک بیانیہ جاری کیا جس میں جبہۃ النصرہ کو القاعدہ کی شام میں شاخ اور ابو محمد الجولانی کو اس کے امیر کے طور پر متعارف کرایا اور بغدادی سے کہا کہ وہ عراق واپس چلا جائے اور شام کے معاملات میں دخالت نہ کرے اور شام میں لڑائی کو جبہۃ النصرہ اور جولانی کے حوالے کر دے؛ لیکن بغدادی نے «باقیھفی الشام والعراق» کے عنوان سے الظواہری کی اس درخواست کو پہلی عالمی جنگ کے حوالے سے سرحدوں کی پابندی نہ کرنے کے سائس بیکو(۲)۔ معاہدے اور داعش مجاہدین کونسل کے شام میں رہنے کے فیصلے کا حوالہ دیتے ہوئے رد کردیا۔ بغدادی خود کو اللہ کے حکم (شام میں باقی رہنے) اور امر الہی کے خلاف حکم (الظواہری کے شام سے باہر نکل جانے پر مبنی حکم) کے درمیان مختار تصور کرتا تھا اور اس کے دعوے کے مطابق اس نے خدا کا شریک ٹھہرانے سے بچنے کے لیے، اللہ کے حکم کو امر الہی کے خلاف حکم (الظواہری کے فرمان)پرمقدّم کیا۔ اپنے فیصلے کو شرعی رنگ دینے کے لیے بغدادی نے تمام انتہا پسند فورسز سے تقاضا کیا کہ وہ

ص:۳۳

۱- http://www.lebtime.com/۲۰۱۴/۰۹/۱۳-ISIS-۱.html

۲- سایس بیکوایک بین الاقوامی معاہدے کا نام ہے جو پہلی عالمی جنگ کے بعد اور خلافت عثمانیہ کے سقوط کے وقت مغربی ممالک کے درمیان انجام پایا جس میں خلافت عثمانیہ کےتحت ممالک کی سرحدوں کیا گیا ہے

شام آجائے اور نصیریہ (علویوں)، لبنان کی حزب اللہ اور شامی حکومت کے دفاع کے لیے قم، تہران اور دوسرے تمام

شہروں سے آئے شیعوں کے خلاف جنگ کریں۔آخر میں بغدادی اپنے گروہ کے لیے،سید قطب کے افکار سے متاثر اسامہ بن لادن کی تعبیر فسطاط (خیمے)ایمان کے جس میں کسی قسم کا نفاق نہیں، استعمال کرتا ہے اور ان تمام گروہوں اور ممالک کو فسطاط کفر(۱) کہتا ہے جو اس کے مخالف ہیں۔

اسی وجہ سے داعش اور جبہۃ النصرہ میں باقاعدہ لڑائی کا آغاز ہوا جو ۲۰۱۳ ءمیں انتہائی شدت اختیار کرگئی جس میں دونوں طرف کے بہت سے افراد مارے گئے۔(۲)۔ انہی اختلافات کی بنیاد پر بغدادی نے بیعت شکنی اور مجاہدین کی صفوں میں اختلاف پیدا کرنے پر جبہۃ النصرہ کے کمانڈر اور جبہۃ النصرہ کے شرعی بورڈ کے چیرمین ابوماریہ القحطانی کے مرتد ہونے کا حکم صادر کیا۔(۳) دوسری طرف جبہۃ النصرہ کے حامیوں کے لیے بھی عراق کی اسلامی حکومت اور

ص:۳۴

۱- بغدادی، ابوبکر، باقیہ فی العراق و الشام، موسسہ الفرقان.

۲- http://www.washingtoninstitute.org/ar/policy-analysis/view/al-qaeda-disaffiliates-with-the-islamic-state-of-iraq-and-al-sham

۳- http://www.al-monitor.com/pulse/ar/originals/۲۰۱۳/۱۱/al-qaeda-zawahri-baghdadi-split.html

ابوبکر البغدادی کی اتباع اور اسکے ساتھ ملحق ہونا جائز نہیں تھا کیونکہ وہ شام کے ایک وسیع حصّہ پر قابض ہوچکے تھے، جبکہ جبہۃ النصرہ کی شام میں زمینی فتوحات کے سبب عراق میں اسلامی حکومت کو دوبارہ طاقت حاصل ہوچکی تھی۔(۱)۔

داعش کے عراق پر حملوں کے وقت عراق کی سیاسی صورتحال

شام میں جنگ کے آغاز اور مغربی اور بعض خلیجی ممالک کی طرف سے شامی حکومت کے مخالفین کی حمایت باعث بنی کہ داعش نے بھی لڑائی میں کود کر وہاں کے بہت سے علاقوں پر قبضہ کرکے اچھی خاصی طاقت حاصل کر لی۔ ۲۰۱۳ءکی ابتداء میں عراق میں بہت سی دہشتگردانہ کاروائیاں جیسے عراقی سپریم کورٹ کے سامنے بم دھماکے، بغداد کے اطراف میں موجود ابو غریب اور الحوت جیل پر حملے اور «ھدم الاسوار» کے عنوان سے سینکڑوں قیدیوں کو آزاد کرانے سے، داعش نے الرمادی اور پورے فلوجہ شہر پر قبضہ کر لیا جس سے عراق میں داعش کا وجود بڑا واضح ہو کر سامنے آیا۔ ۲۰۱۴ء میں نوری المالکی کی حکومت کے آخری دنوں، عراق کے پارلیمانی انتخابات اور ان انتخابات میں نوری المالکی کی پارٹی کی تیسری مرتبہ فتح پرالمالکی کے شیعہ اور سنّی دونوں مخالفین اس کو وزیر اعظم کے طور پر قبول کرنے کے لیے تیار نہیں تھے□□ یہی

ص:۳۵

۱- http://www.france۲۴.com/ar/۲۰۱۴۰۲۰۳-

بات عراق میں سیاسی بحران کی باعث بنی۔عراقی حکومت کے بعض اندرونی اور بیرونی

